

منصرف : وہ اسماء ہیں جن پر واقعی تین قسم کا اعراب آ سکتا ہو جیسے: جَاءَ زَيْدٌ ، رَأَيْتُ زَيْدًا ۔ مَرَرْتُ بِزَيْدٍ.

غیر منصرف: وہ اسماء ہیں جن کے آخر میں تنوین اور کسرہ نہیں آ سکتا۔ وہ مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ عورتوں کے اکثر نام: خَدِيْجَةُ ۔ حَفْصَةُ ۔ زَيْنَبُ وغیرہ

2۔ انبیاء علیہم السلام کے اکثر نام: إِبْرَاهِيْمُ ۔ يُوْسُفُ ۔ هَارُوْنُ وغیرہ

3۔ وہ جمع مکسر جس میں الف کے بعد دو یا تین حرف ہوں جیسے: مساجد ۔ مفاتيح وغیرہ

4۔ أفعل کے وزن پر آنے والے اسماء جیسے: احمد ۔ امجد وغیرہ.

5۔ مردوں کے ایسے نام جن کے آخر میں الف اور نون ہو جیسے: عُثْمَانُ سَلْمَانُ ۔ عِمْرَانُ وغیرہ

6۔ مردوں کے ایسے نام جن کے آخر میں گول تاء ہو جیسے: طَلْحَةُ ۔ أَسَامَةُ مُعَاوِيَةُ وغیرہ۔

7۔ فرشتوں کے نام جیسے: جِبْرَائِيْلَ ۔ مِيْكَائِيْلَ وغیرہ۔

8۔ شہروں اور ملکوں کے اکثر نام جیسے: مَكَّةُ ۔ بَاكِسْتَانُ ۔ مِصْرُ وغیرہ۔

9۔ چند ایسے اسماء جو شروع میں عربی نہیں تھے مگر بعد میں کثرت استعمال کی وجہ سے عربی ہی بن گئے: جَهَنَّمَ إِبْلِيْسَ ۔ فِرْعَوْنَ ۔ يَأْجُوْجَ وَ مَأْجُوْجَ.

All Rights Reserved.